فہرست مخطوطات آزاد



عارف نوشاہی
محمد اکرام چغتائی

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

فہرست مخطوطات آزاد

ذخیرۂ محمد حسین آزاد، پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور
کے فارسی، عربی اور اردو مخطوطات کی توضیحی فہرست

عارف نوشاہی
محمد اکرام چغتائی

شعبۂ اردو
پنجاب یونیورسٹی، اورینٹل کالج، لاہور

Marfat.com

137494

فہرست مخطوطات آزاد

ذخیرۂ محمد حسین آزاد، پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

کے فارسی، عربی اور اردو مخطوطات کی توضیحی فہرست

مؤلفین: عارف نوشاہی، محمد اکرام چغتائی

ناشر: ڈاکٹر تحسین فراقی، شعبۂ اردو، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

حروف چینی و صفحہ بندی: VPrint، راول پنڈی

مطبع: پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور

تاریخ اشاعت: جنوری ۲۰۱۰ء (طبع اوّل)

صفحات: ۲۵۲

تعداد: ۵۰۰

قیمت: ۳۰۰ روپے

978-969-9011-01-6:ISBN

Marfat.com

مولانا محمد حسین آزاد (۱۸۳۰-۱۹۱۰ء)

کے صد سالہ یوم وفات کی مناسبت سے

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران

وائس چانسلر

پنجاب یونیورسٹی

حوالہ نمبر: ۳۱۶/ وی سی

مورخہ: ۴ جنوری ۲۰۱۰

پنجاب یونیورسٹی کا شمار برعظیم کی قدیم ترین درس گاہوں میں ہوتا ہے۔ اس کی مرکزی لائبریری ایک عرصے سے طلبہ، اساتذہ اور علما کی تدریسی، علمی اور تحقیقی ضرورتوں کو کما حقہ پورا کر رہی ہے۔ اس لائبریری کی عالمی شہرت کا ایک سبب اس کے قلمی اور مطبوعہ کتب کے وہ نجی ذخائر بھی ہیں جو نامور اربابِ علم و دانش نے خود یا اُن کے لواحقین نے قیمتاً یا بہ طور عطیہ اسے پیش کیے۔

مقامی علما و ادبا میں اُردو کے صاحبِ طرز انشا پرداز محمد حسین آزاد پہلی جانی پہچانی شخصیت ہیں جن کا نجی کتب خانہ ۱۹۱۳ء میں ہماری اس لائبریری کی زینت بنا۔ چند برسوں سے اس لائبریری میں محفوظ نادر و نایاب قلمی اور مطبوعہ کتب کے نجی ذخائر کی فہرست سازی کا کام شروع ہو چکا ہے۔ اس سلسلے کی اہم کڑی ذخیرہ آزاد کی مفصل فہرست ہے جس میں عربی، فارسی، اردو اور پنجابی مخطوطات و مطبوعات کو الگ الگ جلدوں میں پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ بات طمانیت کا باعث ہے کہ انتہائی مختصر وقت میں انھیں ترتیب دے کر آزاد صدی دو روزہ عالمی سیمی نار (۲۰، ۲۱ جنوری ۲۰۱۰ء) کے موقع پر پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ اُردو کے زیرِ نگرانی شائع کیا جا رہا ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ گراں قدر علمی کارنامہ شعبہ اردو کے اساتذہ و طلبہ ہی کے لیے نہیں، تمام اہلِ دانش کے لیے بھی ایک قیمتی ارمغان ثابت ہوگا اور اس سے اُردو، فارسی، عربی اور پنجابی ادبیات میں تحقیق و تفتیش کی نئی راہیں کھلیں گی۔

مجاہد کامران

پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران

وائس چانسلر

پنجاب یونیورسٹی لاہور

فون نمبر آفس 92-42-9231098 موبائل نمبر 92-42-9211612 فیکس 92-42-9231101 ای میل vc@pu.edu.pk

Marfat.com

Marfat.com

فہرست

حرفے چند (پروفیسر تحسین فراقی)	9
مقدمہ (ڈاکٹر عارف نوشاہی)	11

فہرست فارسی مخطوطات

مجموعہ ہائے کتب و رسائل	۳
بیاضیں	۱۵
دائرۃ المعارف	۱۹
فلسفہ	۲۳
منطق	۲۴
اخلاق	۲۵
ہندویات	۲۷
اسلامیات	۲۹
تذکرہ ہائے مشائخ	۵۲
اوراد و ادعیہ	۵۵
قانون	۵۷
اصول زبان شناسی / لسانیات	۵۸
لغات	۵۹
قواعد زبان	۶۷
ریاضیات	۷۱
نجوم و احکام نجوم	۷۴
کیمیا	۸۱

Marfat.com

طبعیات	۸۲
حیوانیات	۸۳
جفر	۸۴
رمل	۸۹
طبّ	۹۱
خوشنویسی	۹۵
فن تیراندازی	۹۶
نثری ادب	۹۷
انشاونامہ نگاری، مجموعہ ہائے منشآت	۹۹
قصص	۱۰۱
علم بلاغت، بدایع ومعانی وصنایع، اصناف سخن	۱۰۲
تذکرہ ہائے شعراء	۱۰۳
منظوم ادب	۱۰۷
جغرافیا	۱۱۳
انساب	۱۱۵
تذکرے	۱۱۶
عمومی تاریخ	۱۱۸
سیرت النبیؐ	۱۱۹
مذہبی تذکرے	۱۲۱
تاریخ برعظیم	۱۲۴
تاریخ ایران، ماوراءالنہر	۱۳۵

فہرست عربی مخطوطات

دیباچہ (محمد اکرام چغتائی)	۱۴۳
مجموعہ ہائے رسائل	۱۴۵

Marfat.com

فلسفہ ۱۴۷

منطق ۱۴۸

اسلامیات ۱۴۹

تصوّف ۱۵۹

لغات (مع دیگر لسانی موضوعات) ۱۶۰

ریاضیات ۱۶۵

نجوم ۱۶۶

علمِ بحر ۱۶۷

منظوم ادب ۱۶۸

تاریخ وسوانح ۱۶۹

فہرست اُردو مخطوطات

قواعد زبان ۱۷۳

تاریخ ۱۷۴

منظوم ادب ۱۷۵

متفرقات ۱۷۷

اشاریے

کتب ورسائل ۱۸۱

اشخاص وقبائل ۱۹۱

مقامات ۲۰۶

مُہروں کی عبارتیں ۲۰۹

فہرست مآخذ ۲۱۱

تصاویر ۲۱۳

Marfat.com

Marfat.com

حرفے چند

انسانی تہذیب کی پیش رفت میں قلمی نسخوں اور کتابوں کی علم گستری اور خرد افروزی کا کردار بڑا بنیادی رہا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور کو نہ صرف برعظیم کی قدیم ترین جامعات میں شمار ہونے کا اعزاز حاصل ہے بلکہ یہ شرف بھی اس کا مقدر ہے کہ اس کی مرکزی لائبریری میں نادر قلمی نسخوں اور نایاب مطبوعات کا ایک بڑا قابلِ قدر ذخیرہ موجود ہے۔ انھی میں نامور ادیب مولانا محمد حسین آزاد کا ذخیرہ مخطوطات و مطبوعات بھی شامل ہے جن کا توضیحی کیٹیلاگ شایع کرنے کا اعزاز شعبہ اردو یونیورسٹی اورینٹل کالج کو حاصل ہو رہا ہے۔

آزاد اردو کے ارکان خمسہ کے رکن رکین، اور ایک ایسے بے مثال انشا پرداز ہیں جن کے دستِ مسیحائی سے بے جان لفظوں کو نئی زندگی، جوشِ بیان، توانائی اور اظہار کی ایسی ندرت عطا ہوئی ہے جو اردو کے ذخیرۂ نثر میں نایاب کے حدود میں داخل ہے۔ وہ عمر بھر لفظ کی حرمت کے علم بردار اور اس سے مرتب ہونے والے قلمی نقوش کی تلاش میں سرگرداں رہے۔ ازل سے ایک بے قرار روح لے کر آئے تھے۔ پاؤں میں چکر تھا۔ ۱۸۵۷ء کے سانحے میں بے سروسامانی کے عالم میں دلّی سے نکلے اور دسیوں قریوں، خرابوں کی خاک چھانتے ۱۸۶۱ء میں شہروں کے قطب لاہور پہنچے تو اس شہر اخلاص کیش نے ان کے لیے اپنی باہیں وا کر دیں اور انھیں آغوشِ مادر کی نرمی اور گرمی فراہم کی [کیا یہ محض اتفاق ہے کہ دہلی سے نکلے تو لاہور کے دہلی دروازے کے جوار میں اقامت اختیار کی!!] ۱۸۶۱ء سے ۱۸۹۰ء کے اوائل تک کا زمانہ ان کی قلمی تگ و تاز کا عہدِ ہمیشہ بہار رہا مگر اس عرصے میں بھی وہ نچلے نہیں بیٹھے۔ دو لمبے سفر کر آئے۔ ۱۸۶۵ء میں پولٹیکل مشن پر وسط ایشیا گئے تو کم و بیش ڈیڑھ برس تک سیر و سفر میں مصروف رہے اور پرچہ نویسی کے دوش بدوش بخارا و بدخشاں کی کتابوں اور قلمی نسخوں کے جواہر ریزے بھی چنتے رہے۔ ۱۸۸۵ء میں پھر انگڑائی لی اور ''مژدہ اے دشتِ جنوں تلوا مرا کھجلائے ہے'' کا ورد کرتے ہوئے سرزمین ایران کی طرف رہگرا ہوئے۔ آزاد کے آباؤ اجداد کا تعلق اسی سرزمین سے تھا۔ والدہ امانی خانم ایرانی تھیں۔ اپنی اصل کی طرف کیوں نہ کھنچتے مگر مٹی سے زیادہ کاغذ کی کشش تھی۔ اپنی ساری جمع پونجی کتاب اور قلمی نسخوں کی خریداری میں جھونک دی۔ ان کی ''سیر ایران'' میں جگہ جگہ ان کے اس جنون کے آثار ملتے ہیں۔ بقائے دوام کے دربار میں جگہ پانے کے لیے وہ قلمی کدوکاوش کے ساتھ ساتھ کتب خانہ آزاد کا قیام بھی لازمی سمجھتے تھے۔ یہ ان کا خواب تھا۔ ان کی آنکھیں مشہدِ مقدس کے پہلو میں بے مثل کتاب خانہ آستانِ رضوی للچائی نظروں سے دیکھ آئی تھیں۔ نو دس ماہ بعد لاہور لوٹے تو کتابوں، قلمی نسخوں اور معاصر ایرانی روزمرہ و محاورہ کا ایک نادر ذخیرہ دست و دماغ میں سمیٹ لائے تھے۔ یہاں آئے اور دہلی دروازے کے باہر کتب خانۂ آزاد کا ڈول ڈالا۔ فراغتے و کتابے و گوشۂ چمنے !! ایک صحافی نے کتب خانے کی بنا کاری کا راز جاننا چاہا تو گویا ہوئے:

> ''فقیر کا تکیہ ہوتا ہے۔ اس میں ایک کنواں ہوتا ہے۔ پانی کا مٹکا بھرا ہوتا ہے۔ ٹھیکرے میں پانی سلگتا رہتا ہے۔ کوئی مسافر آنکلتا ہے۔ حقہ بھر کر پیتا ہے۔ پانی سے ٹھنڈا ہوتا ہے۔ فقیر آزاد کا تکیہ علم کا تکیہ ہے۔ پڑھنا لکھنا ہوں گی، قلم دوات کاغذ رکھا ہوگا۔ درختوں کا سایہ بھی ہے، چمن ہرے ہیں۔ نالیوں میں پانی جاری ہے۔ راہ علم کے مسافر آئیں، کتاب سے دل بہلائیں، اخباروں سے شگفتہ ہوں۔ فقیر آزاد علم کے سوا کسی چیز کا طالب نہیں۔''

کتب خانہ آزاد تو آباد ہو گیا مگر تھوڑے ہی عرصے بعد آزاد کو عالم وارفتگی سے باہر آنے لگے۔ حوادث نے آزاد کا گھر دیکھ لیا تھا۔ مدتوں پہلے ان کی ایک شیر خوار بچی ۱۸۵۷ء کے سانحے میں چل بسی تھی۔ ۱۸۸۵ء میں امۃ السکینہ نے اچانک رحلت کی۔

Marfat.com

آزاد کا داہنا ہاتھ تھی۔ سولہ بچوں میں صرف محمد ابراہیم دیر تک زندہ رہے۔ انھی کے توسط سے آزاد کی وفات (۲۲ر جنوری ۱۹۱۰ء) کے بعد ان کی نایاب کتابوں اور قلمی نسخوں کا ذخیرہ ۱۹۱۳ء میں پنجاب یونیورسٹی کو عطیے کے طور پر ملا۔ خوش قسمتی سے آزاد کے پڑپوتے مکرمی آغا سلمان باقر کی عنایت سے مجھے پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو عطیہ کیے گئے ذخیرے کی کامل فہرست میسّر آئی ہے جو اور کہیں نہیں ملتی۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ مخطوطات و مطبوعات کی کل تعداد ایک ہزار آٹھ سو پندرہ (۱۸۱۵) تھی۔ اب ذخیرۂ آزاد میں موجود مخطوطات و مطبوعات کی تعداد اس کے مقابلے میں کم ہے اور لائبریری کے ارباب بست و کشاد کے لیے لمحۂ فکریہ!

۲۰۰۹ء کے اوائل میں جب میں نے اپنے احباب و رفقائے کار کے مشورے سے ۲۰ اور ۲۱ جنوری کو آزاد کے صد سالہ یوم وفات کی مناسبت سے شعبۂ اردو کے زیر اہتمام دو روزہ عالمی سیمی نار کے انعقاد کا فیصلہ کیا تو یہ بھی طے پایا کہ موقعے کی مناسبت سے یونیورسٹی لائبریری میں موجود ذخیرۂ آزاد کا ایک توضیحی کیٹیلاگ بھی تیار ہو جائے تو کیا ہی اچھا ہو۔ وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی جناب پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران نے اس تجویز پر صاد کیا۔ ایک کمیٹی تشکیل دی جس نے باہمی مشاورت سے مخطوطات اور مطبوعات کے دو الگ الگ کیٹیلاگ تیار کرنے کے لیے ڈاکٹر عارف نوشاہی اور جناب محمد اکرام چغتائی کے نام تجویز کیے۔

دونو حضرات کی شبانہ روز مساعی کے نتیجے میں مخطوطات کا توضیحی کیٹیلاگ تیار ہے اور پریس میں بھیجا جا رہا ہے۔ مطبوعات کے توضیحی اشاریے پر نظر ثانی کا کام جاری ہے۔ امید ہے یہ بھی جلد مکمل ہو کر طباعت کے مرحلے سے گزرے گا ان شاء اللہ۔ تین سو سے متجاوز فارسی، عربی اور اردو مخطوطات کا یہ توضیحی کیٹیلاگ اشاریہ سازی کے سائنٹفک اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ اس اشاریے کے مطالعے سے بخوبی اندازہ ہوگا کہ اس میں حدایق الانوار فی حقایق الاسرار (ساتویں/آٹھویں صدی ہجری کا مکتوبہ نسخہ) جنت الولایت، مطلع الولایت اور مجمع الفاظ (شاہ محمد ہانسوی) جیسے کتنے ہی نہایت کمیاب اور قدیم نسخے مذکور ہیں جو کسی بھی لائبریری کے لیے باعث افتخار ہو سکتے ہیں۔ عربی مخطوطات کی اس توضیحی فہرست پر نظر ثانی کی زحمت ڈاکٹر خورشید رضوی صاحب نے اٹھائی جب کہ فارسی اور اردو مخطوطات پر میں نے اور انھوں نے مشترکہ نگاہ ڈالی۔ الانسان عبید الاحسان۔ میں بھی بندۂ احسان ہوں، سو ڈاکٹر عارف نوشاہی، جناب محمد اکرام چغتائی اور ڈاکٹر خورشید رضوی کے سامنے سراپا امتنان ہوں۔

۱۹۱۳ء میں عطیہ کیے گئے ذخیرۂ آزاد کو ٹھیک ستانویں برس بعد ۲۰۱۰ء میں اشاریہ سازی اور طباعت کی روشنی نصیب ہو رہی ہے۔ یہ جہاں شعبہ اردو کے لیے اعزاز ہے وہیں بحیثیت مجموعی یونیورسٹی لائبریری اور خود پنجاب یونیورسٹی کے لیے بھی ایک شرف سے کم نہیں۔ یہ منصوبہ کبھی پایۂ تکمیل کو نہ پہنچتا اگر رئیس جامعہ پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران صاحب کی علم دوستی اور معارف پروری میری معین و مددگار نہ ہوتی۔ امید ہے کہ رئیس جامعہ کے ایماء پر ذخیرۂ آزاد کی طرح یونیورسٹی لائبریری میں موجود دیگر بے مثل ذخائر مخطوطات و مطبوعات (پیرزادہ کلکشن، پرسیول کلکشن، شہاب الدین کلکشن، ڈاکٹر شیخ محمد اقبال کلکشن اور کیفی کلکشن وغیرہ) بھی توضیحی اشاریوں کی صورت میں مدوّن ہو کر شایع ہوں گے، ان شاء اللہ۔ مجھ پر یونیورسٹی لائبریری کے کتاب دارِ اعلیٰ جناب چودھری محمد حنیف اور ان کے معاون جناب حامد صاحب کا تشکر بھی واجب ہے جنھوں نے فہرست سازی کے ہر مرحلے پر مؤلفین سے بھرپور تعاون کیا۔ محمد حسین آزاد گورنمنٹ کالج کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج سے بھی بطور استاد وابستہ رہے اور اپنی دانش و بینش کے گوہر طالبانِ علم پر نچھاور کرتے رہے۔ شعبے کے اساتذہ اپنے ادارے کے اس نامور سابق استاد کے حضور خراجِ تحسین اور اظہار امتنان کے طور پر یہ توضیحی کیٹیلاگ پیش کرتے ہیں۔

ڈاکٹر تحسین فراقی
صدر شعبۂ اردو
پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور

۴ر جنوری ۲۰۱۰ء

Marfat.com

مقدّمہ

شمس العلماء محمد حسین آزاد (۱۲۲۵-۱۳۲۸ھ / ۱۸۳۰-۱۹۱۰ء) عربی، فارسی اور اردو زبان و ادب کے نام ور محقق، زبان شناس اور ادیب تھے اور اپنی گونا گوں تصانیف -آب حیات، دربار اکبری، سخن دان فارس، نیرنگ خیال وغیرہ- کے باعث ادب کی تاریخ میں ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔ان کا آبائی وطن دہلی تھا۔ان کے والد محمد باقر کو ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں شرکت اور انگریزوں کے خلاف اپنے اخبار میں جہاد کا فتویٰ شایع کرنے کی پاداش میں جب سزاے موت ہوئی تو آزاد دہلی چھوڑ کر مختلف شہروں میں پناہ لیتے ہوئے آخر کار ۱۸۶۱ء میں لاہور آ بسے اور یہاں کے تعلیمی اور تدریسی اداروں سے وابستگی اختیار کی اور اپنی تصنیفات اور مقالات کے ذریعے سب کی توجہ کا مرکز بنے رہے۔وفات لاہور ہی میں پائی اور بھاٹی دروازے کے باہر کربلا گامے شاہ میں پیوندِ خاک ہوئے۔

کتب خانۂ آزاد

آزاد کو نہ صرف اپنے علمی اور تحقیقی امور کی تکمیل بلکہ خاص اپنے ادبی ذوق کی تسکین کے لیے کتب جمع کرنے سے بے حد شغف تھا۔نادر مخطوطات اور نایاب مطبوعات کی تلاش میں وہ دہلی سے نکلے اور الور، جے پور اور بھارت کے دیگر شہروں کا سفر کیا۔۱۲۸۲-۱۲۸۴ھ / ۱۸۶۵-۱۸۶۷ء کے عرصے میں وہ پنڈت من پھول کے ہمراہ وسطی ایشیا میں پھرتے رہے اور وہاں کے تاریخی شہروں بخارا، خیوہ، سمرقند اور تاشقند سے نایاب اور نفیس کتب جمع کر کے اپنے ساتھ وطن لائے۔وہ اپنے دوستوں اور شاگردوں کو بھی اہم اور قیمتی قلمی اور مطبوعہ کتابیں مہیا کرنے کی تاکید کرتے رہتے تھے۔۱۳۰۳ھ / ۱۸۸۵ء میں جب وہ دس مہینوں کے لیے ایران کی سیر کو گئے تو سارے سفر میں کتب جمع کرتے رہے۔اس سفر میں آزاد نے کئی ایرانی دانش وروں اور امرا سے ملاقاتیں کی، جو انھیں مالی اعانت کے ساتھ ساتھ کتابوں کے تحایف بھی پیش کرتے رہے اور وہ کتابوں سے لدے پھندے لاہور لوٹے۔

Marfat.com

انھیں کتب حاصل کرنے کا اس حد تک شوق تھا کہ اہم مخطوطات اگر قیمتاً یا ہدیۃً حاصل نہ ہوتے تو خود اپنے ہاتھ سے نقل تیار کر لیتے۔ خواجہ عبدالکریم بن عاقبت محمود کشمیری کی تصنیف بیان واقع کے انھیں دو نسخے کہیں نظر آئے تو انھوں نے اسے نقل کرلیا۔ جیسا کہ اس کے ترقیمے میں لکھتے ہیں: ''۲۷ جمادی الثانی روز پنجشنبہ ۱۲۹۳ھ مطابق ۱۹ جولائی ۱۸۷۴ء بہ اتمام رسید و این نسخہ دو جابہ نظر آمدہ، افسوس کہ تا ہمین جا بود، محمد حسین آزاد عفی عنہ۔'' (نسخۂ ذخیرۂ آزاد، نمبر Apf IV 6)

ایران سے لاہور واپس پہنچ کر آزاد کو اپنا ذاتی کتب خانہ قائم کرنے کی فکر ہوئی۔ بلدیہ لاہور نے (دہلی دروازہ اور اکبری دروازہ کے درمیان واقع) شاہ محمد غوث لاہوری کے مزار کے پاس انھیں ایک قطعۂ زمین دے دیا۔ وہاں آزاد نے اپنی گرہ سے، لاہور کے معروف ماہر تعمیرات رائے بہادر گنگا رام کی نگرانی میں کتب خانہ کی عمارت بنوائی، فرنیچر رکھوایا اور ''کتب خانۂ آزاد'' کی سنگی تختی نصب کی۔ ۱۳۰۴ھ / ۱۸۸۷ء میں پنجاب کے لفٹیننٹ گورنر نے وہاں کا دورہ کیا اور پنجاب پبلک لائبریری، لاہور کا ڈائریکٹر جنرل ہونے کی حیثیت سے یہ منظور کیا کہ پنجاب پبلک لائبریری سے فالتو کتابیں خارج کر کے کتب خانۂ آزاد کو تحفۃً دے دی جائیں۔

محرّم ۱۳۰۸ھ/ اگست ۱۸۹۰ء تک کتب خانۂ آزاد بڑی آب و تاب سے کام کرتا رہا اور مولانا آزاد اس میں برابر قیمتی کتب کا اضافہ کرتے رہے۔ اسی سال آزاد جنون میں مبتلا ہوئے تو اُن کے لیے کتب خانہ چلانا ممکن نہ رہا۔ مولانا کے بیٹے آغا محمد ابراہیم نے، جو ملازمت پیشہ تھے اور کتب خانہ کا انتظام کرنے کے لیے وقت نہیں نکال سکتے تھے، کتب خانہ بند کر دیا۔ آخر بلدیہ نے عمارت خالی کروالی اور آغا محمد ابراہیم وہاں سے کتابیں اٹھا کر لے گئے جو ۱۳۱۹ھ/ ۱۹۰۱ء میں انھوں نے اپنے نئے مکان ''آزاد منزل'' واقع چوک نواب صاحب (اکبری دروازہ) میں سجا دیں اور یہ کتب خانہ اسی مکان میں قائم رہا۔ تا آنکہ ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء میں آزاد کا انتقال ہو گیا اور کتب خانہ بند کرنا پڑا۔

۱۸۹۰ء تا ۱۹۱۰ء کا زمانہ کتب خانۂ آزاد کے زوال کا زمانہ ہے۔ آزاد جنون کے باعث، ذاتی طور پر اس کتب خانے کی حفاظت سے معذور تھے۔ لہٰذا اس عرصے میں کتابیں مسلسل چوری ہوتی رہیں اور چوہے اور دیمک بھی اپنی خوراک ان سے حاصل کرتے رہے۔

۱۳۳۱ھ/ ۱۹۱۳ء میں آغا محمد ابراہیم نے تمام کتابیں - جن کی تعداد اُس وقت ایک ہزار آٹھ سو سولہ (۱۸۱۶) تھی - پنجاب یونیورسٹی، لاہور کو تحفۃً دے دیں، جہاں مرکزی کتب خانے میں اب یہ ''ذخیرۂ آزاد'' کے نام سے موجود ہیں۔

Marfat.com

مخطوطات ذخیرۂ آزاد

کتب خانۂ آزاد کی جو کتابیں پنجاب یونیورسٹی کو منتقل ہوئیں، ان میں مطبوعات کے ساتھ مخطوطات بھی تھے۔ یونیورسٹی کے جاری کردہ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق ایک ہزار پانچ سو چھپن (۱۵۵۶) مطبوعہ اور تین سو اٹھانوے (۳۹۸) قلمی نسخے ہیں اور ان کا کوڈ نمبر A (یعنی Azad) ہے۔۔کتب خانے میں رجوع کرنے والوں کی راہ نمائی کے لیے ان مخطوطات کی دستی فہرست، یونیورسٹی کے ایک رجسٹر میں درج ہے۔ جب سے یہ نسخے یونیورسٹی منتقل ہوئے ہیں ان کی کوئی وضاحتی یا مستند فہرست تیار نہیں ہوئی ہے۔ ماسوا تاریخ اور فارسی شاعری کے ان چند نسخوں کے جو ڈاکٹر سید عبداللہ (۱۹۰۴-۱۹۸۶ء) کی تیار کردہ حسب ذیل فہرست میں آ گئے ہیں:

A Descriptive Catalogue of Persian ,Urdu & Arabic
Manuscripts in the Punjab University Library,
Vol.1 Persian Manuscripts,Fasciculus I History,University of the Punjab,Lahore,1942.
Vol.1 Persian Manuscripts,Fasciculus II Persian Poetry,
University of the Punjab,Lahore,1948.

حسب ذیل مقالات میں بھی اکاؤ کا مخطوطات متعارف ہوئے ہیں:

سید عبداللہ، ڈاکٹر: ''خزائن مخطوطات پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور''، اورینٹل کالج میگزین، لاہور، مئی ۱۹۲۶ء تا ۱۹۳۶ء (۲۵ مختلف شمارے)

افضل ملک: ''اردو مخطوطات پنجاب یونیورسٹی لائبریری''، قومی زبان، کراچی، جنوری ۱۹۷۱ء، صفحات ۴۰-۵۲، مارچ ۱۹۷۱ء، ص ۶۴-۷۶، اپریل ۱۹۷۱ء ص ۳۶-۴۹، جون ۱۹۷۱ء، ص ۵۶-۶۰

راقم السطور نے پنجاب یونیورسٹی کے تمام ذخائر کتب میں ان فارسی مخطوطات کی فہرست تیار کرنے کا عزم کیا ہے جن کی ابھی تک کوئی فہرست تیار نہیں ہوئی یا ان کے کوائف مختلف فہرستوں میں شائع تو ہوئے ہیں لیکن وہ کافی نہیں ہیں یا ان کوائف میں تسامحات پائے جاتے ہیں۔ اس منصوبے کے تحت پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے حسب ذیل ذخیرہ ہائے مخطوطات کی فہرست تیار ہونا ہے:

Marfat.com

-ذخیرۂ آزاد (محمد حسین آزاد ۱۸۳۰-۱۹۱۰ء)،

-ذخیرۂ پیرزادہ (پیرزادہ محمد حسین عارف ۱۸۵۶-۱۹۲۸ء)،

-ذخیرۂ شیرانی (حافظ محمود خان شیرانی ۱۸۸۰-۱۹۴۶ء)،

-ذخیرۂ کیفی (برج موہن دتاتریا کیفی ۱۸۶۶-۱۹۵۵ء)،

-ذخیرۂ عام (General Collection) کے وہ فارسی مخطوطات جو نمبر 14482 تک فہرست نہیں ہوئے تھے۔

مذکورہ بالا تمام ذخائر کے فارسی مخطوطات کی جب الگ الگ فہرستیں تیار ہو جائیں گی تو انھیں آپس میں مُدغم کر کے اور موضوعی ترتیب دے کر اس سے ایک مشترک فہرست / Union Catalogue فارسی زبان میں تألیف کی جائے گی جو

فہرست نسخہ ہای خطّی فارسی کتابخانۂ مرکزی دانشگاہ پنجاب لاہور (پاکستان)

(مجموعہ ہای: آزاد، پیرزادہ، شیرانی، کیفی وعمومی)

کے نام سے، دو جلدوں میں شائع ہوگی۔

***

فہرست مخطوطات ذخیرۂ آزاد

جنوری ۲۰۱۰ء میں آزاد کی صد سالہ برسی کے موقع پر ذخیرۂ آزاد کے فارسی مخطوطات کی فہرست ترجیحاً پہلے مرتّب کر کے اہل علم کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

یہ کل دو سو چھتیس (۲۳۶) فارسی مخطوطات کی فہرست ہے، جنھیں مختلف موضوعات پر تقسیم کر کے، کتب کے اسماء کی تہجی ترتیب کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ ہر اندراج (Entry) دو حصّوں پر مشتمل ہے، جسے فہرست نگاری کی اصطلاح میں ''کتاب شناسی'' اور ''نسخہ شناسی'' کہتے ہیں۔ ان دو حصّوں کو ایک دوسرے سے چوکور علامت ▣ سے متمایز کیا گیا ہے۔ کتاب شناسی کے تحت صرف کتاب / متن (Text) سے متعلق بنیادی کوائف درج ہوئے ہیں، جیسے:

-کتاب کا نام، اگر ایک سے نام ہیں تو سب نام،

-مؤلّف کا نام، پوری فہرست میں ''مؤلّف'' ہی کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے، خواہ وہ مصنف ہے یا مؤلّف، بعض مقامات پر مؤلّف کا سال ولادت و وفات اور مختصر تعارف بھی دیا گیا ہے، لیکن یہ اہتمام معروف

Marfat.com

مؤلّفین کے لیے نہیں کیا گیا۔ اگر کتاب کسی دوسری زبان سے فارسی میں ترجمہ کی گئی ہے تو مترجم کا نام بھی دیا گیا ہے۔ اگر کتاب کی تلخیص کی گئی ہے تو تلخیص کرنے والے کا نام بھی بتایا گیا ہے۔

- تاریخ تألیف یا عہد تألیف، ترجمہ کی صورت میں تاریخ ترجمہ، کہیں کہیں مادّۂ تاریخ تألیف بھی،

- کتاب کا بنیادی موضوع، اگر کتاب غیر متعارف ہے تو اس کے دیباچے سے ماخوذ اس کا سبب تألیف اور ابواب وفصول (یا مؤلّف نے جیسی بھی تقسیم کی ہو) کی تفصیل،

- ''آغاز'' کے تحت کتاب کی ابتدائی سطور، اگر کتاب منظوم ہے تو اس کا مطلع۔

چونکہ یہ تمام کوائف اختصار کے ساتھ درج ہوئے ہیں، ان کے مؤلّفین یا زیر بحث تصنیف کے بارے میں تفصیل جاننے کے لیے ہم نے دوسرے مآخذ کی طرف رجوع کرنے کے لیے کہا ہے۔ فہرست کے اندر ان مآخذ کا حوالہ ان کے مختصر نام کے ساتھ ہوا ہے، جب کہ مکمل کتابیات فہرست کے آخر میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر ضروری ہے کہ اِس وقت پاکستان میں فارسی مخطوطات کے جملہ کوائف کے لیے ایرانی فہرست نویس احمد منزوی کی فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان ایک طرح سے اُمّ الفہارس کا درجہ رکھتی ہے۔ اس لیے ہم نے اپنی فہرست میں زیادہ تر اسی فہرست کا حوالہ دیا ہے۔ ذخیرۂ آزاد کے جو نسخے ڈاکٹر سید عبداللہ کی انگریزی فہرست (دو جلدیں) میں آ گئے ہیں، صرف ان کی حد تک سید عبداللہ کی فہرست سے بھی رجوع کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ کہیں کہیں بعض کتابوں کی اشاعت کا ذکر بھی کر دیا ہے لیکن یہ التزام ہر کتاب کے بارے میں نہیں ہے، نہ اس کی ضرورت تھی۔ زیادہ تر غیر معروف کتابوں کی، یا غیر متعارف اشاعتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

حصّۂ ''کتاب شناسی'' یہاں پر ختم ہو جاتا ہے۔ حصّۂ ''نسخہ شناسی'' میں زیر بحث نسخے کے حسب ذیل پہلو واضح کیے گئے ہیں:

- تاریخ کتابت، جن نسخوں پر کتابت کی تاریخ درج نہیں ہے، تخمیناً کتابت کی صدی لکھ دی گئی ہے۔

- کاتب کا نام،

- مقام کتابت،

- خط

- تزئینات (لوح، جدول، تصاویر)

- تعداد اوراق

اس حصّے میں آپ کو ایک اور اہتمام بھی نظر آئے گا جو دیگر پاکستانی فہرستوں میں کم کم دیکھنے میں آیا

Marfat.com

ہے۔ہم نے ہر نسخے کے ترقیمہ کی پوری عبارت، اس نسخے پر لگی مہروں کی عبارت اور مختلف یادداشتوں کو بلفظہ نقل کر دیا ہے۔

ترقیمہ

''ترقیمہ''، قلمی نسخے کا اہم جزو ہوتا ہے۔ترقیمہ، متن کے اختتام پر اس دستخطی عبارت کو کہتے ہیں جو اس نسخے کا کاتب اپنی طرف سے لکھتا ہے اور وہ عبارت کتاب کے متن کا حصہ نہیں ہوتی۔ترقیمے میں درج باتوں کا دائرہ بہت وسیع ہو سکتا ہے ہے لیکن عام طور پر اس میں کاتب کا نام اور تاریخ کتابت درج کیا جاتا ہے۔بعض کاتب مقامِ کتابت اور جس شخص کے لیے نسخہ کتابت کیا گیا اس کا نام بھی درج کر دیتے ہیں۔میں نے اس فہرست میں نسخوں کے ترقیمے کی پوری عبارت بلفظہٖ درج کرنے کا التزام کیا ہے تا کہ اس میں درج اضافی معلومات بھی سامنے آجائیں۔مثلاً شرف الدین یزدی کے ظفرنامہ (مخطوطہ Ape II 3) کا یہ ترقیمہ:

''به تاریخ پانزدهم ماه مبارک ماه رمضان روز یکشنبه هشتم؟ ۱۰۸٤ در شهور دارالضرب... به عهد... سلطان سکندر عادل شاه... از ابتدا تا تسخیر آمل و ساری بر نسخه [= از نسخهٔ] شیخ باقر... [خالی جگہ] و از ساری و آمل تا به پایان بر نسخه [= از نسخهٔ] حکیم مظفر نبیرهٔ حکیم ابوالفتح گیلانی که این نسخهٔ مذکور هم در یزد ثبت شده اند، ثبت نمود.''

اس ترقیمے میں جو اضافی معلومات آگئی ہیں وہ بہت اہم ہیں۔ایک، یہ کہ کاتب نے بتا دیا ہے کہ اس نے اپنا نسخہ دو مختلف نسخوں سے نقل کیا ہے؛ دوسرا، یہ کہ وہ نسخے کس کی ملکیت تھے؛ تیسرا، یہ کہ وہ نسخے کہاں لکھے گئے تھے۔یہ ضمنی معلومات بجائے خود اہمیت کی حامل ہیں۔مثلاً ایک نسخہ کو حکیم مظفر نبیرۂ حکیم ابوالفتح گیلانی کی ملکیت بتایا گیا ہے۔حکیم ابوالفتح گیلانی (م ۹۹۸ھ، مدفون حسن ابدال) اکبر کے دربار کے معروف طبیب تھے اور ان کا پورا خاندان صاحبِ حکمت و دانش تھا اور اس ترقیمہ سے بھی یہ بات سامنے آگئی کہ ان کا پوتا کتابوں کا شائق تھا۔دونوں منقول عنہ نسخوں کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ یزد میں کتابت ہوئے تھے۔یزد، شرف نامہ کے مصنف کا وطن ہے۔فن نسخہ شناسی میں ایسے نسخوں کو بہت اہمیت دی جاتی ہے جو مصنف کے مسکن یا مدفن میں بیٹھ کر لکھے جائیں، کیوں کہ احتمال یہ ہوتا ہے کہ کاتب کے پیش نظر نسخۂ مصنف یا مصنف کے عہد سے قریب تر کوئی نسخہ تھا۔

Marfat.com

ظہریہ

''ظہریہ''، قلمی نسخے کے پہلے ورق کی پیشانی کو کہتے ہیں۔ یہ ورق اس لیے اہم ہوتا ہے کہ اس پر نسخے کے پرانے مالکان اور قارئین اپنا نام، مُہر اور کوئی بات (تاریخ، واقعہ، رائے) اختصار کے ساتھ لکھ دیتے ہیں۔ ہم نے یہ مہریں اور یادداشتیں بھی نقل کی ہیں کیوں کہ ان کا زیر بحث مخطوطہ سے گہرا تعلق ہے۔ اگر یہ مُہریں تاریخ کی اہم شخصیات کی ہیں تو ان کی اہمیّت بالکل واضح ہے۔ بعض اوقات نسخہ کی تاریخ کتابت کی عدم موجودگی میں ان مُہروں میں کندہ سال، نسخہ کی قدامت تعیّن کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ان تمام مہروں کا ایک الگ اشاریہ آخر میں دیا گیا ہے جو مہروں پر تحقیق کرنے والے محققین کے لیے کارآمد ہوسکتا ہے۔

یادداشتوں کے ضمن میں بھی نہ صرف ظہریہ پر درج ہونے والی یادداشتیں، بلکہ نسخے کے کسی بھی ورق یا حصّے میں اگر کوئی اہم یادداشت درج ہوئی ہے تو اسے بتمام وکمال نقل کر دیا گیا ہے۔ ان یادداشتوں کے ذریعے سے ہمیں کئی ضمنی معلومات مل جاتی ہیں۔ بعض کا تعلق نسخے سے ہے۔ مثلاً نسخے کی کتابت وغیرہ کی اُجرت یا قیمت یا تقابل نُسخ وغیرہ، جیسے مرج البحرین وجامع الطریقین کے ایک نسخے (Apc IV II) کے خاتمہ پر یہ یادداشت: ''تمام شد مقابله... روز پنجشنبه در ماه جماد الثانیه [کذا] ۱۱۴۴ ه برای خاطر مهربان میان مستقیم جیو به اُجرتِ دوازده آنه بدون کاغذ نویسانده شد.'' اس مختصر یادداشت میں نسخہ شناسی کے نقطۂ نظر سے کئی اہم باتیں موجود ہیں۔ نسخے کا مقابلہ کیا گیا، مقابلے کی تاریخ، جس کی خاطر یہ کام انجام دیا گیا، اس کی اجرت کی مقدار اور دل چسپ بات یہ کہ اس اجرت میں کاغذ شامل نہیں تھا! اس بات کا اظہار غالباً کاتب نے اس لیے ضروری سمجھا ہے کہ پرانے زمانے میں جو افراد کسی سے نسخہ لکھواتے تھے وہ ساتھ کاغذ بھی مہیا کرتے تھے۔ دوسری صورت میں اضافی اُجرت دینا پڑتی تھی۔

بعض یادداشتوں کا تعلق نسخوں کے اپنے موضوع سے ذرا ہٹ کر ہے۔ جیسے کسی تاریخی واقعہ کا بیان، کسی عزیز کی ولادت یا وفات کی تاریخ وغیرہ۔

جن نسخوں میں مختصر ''یادداشت'' نویسی کے ساتھ مفصّل ''ملحقات'' نویسی دیکھنے میں آئی ہے، ان کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے۔ مثلاً طبّ کی ایک کتاب زادالمسافرین (Aph III 52) کے آخر میں کاتب نے طبّی یادداشتوں کے علاوہ ۱۳ ورق پر مشتمل تاریخی اور معاشرتی واقعات کا ایک ضمیمہ لگایا ہے۔ یہ تمام واقعات شیراز سے متعلق ہیں جو کاتب کے دَور میں پیش آئے تھے۔ ان میں ایک اہم واقعہ ۱۲۶۳ھ/۱۸۴۷ء کے طاعون کا ہے۔ کاتب نے اس وبا سے شیراز میں ہلاکتوں کا ذکر کیا ہے۔ ان ملحقات کی بنیاد پر ایک ایسا مقالہ تیار کیا جاسکتا ہے جس میں تیرہویں صدی ہجری میں شیراز کی تصویر پیش کی گئی ہو۔ گو اس نسخہ میں کاتب نے اپنا وطن

Marfat.com

نہیں لکھا، لیکن انھی ملحقات کے مضمون کی روشنی میں یقین سے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ کاتب خود بھی شیراز کا رہنے والا تھا۔

طلب نمبر

ذخیرۂ آزاد کے قلمی نسخوں کا طلب نمبر / Call No ہر کتاب کے نام سے پہلے دیا گیا ہے۔ جو Ap سے شروع ہوتا ہے۔ بعض مقامات پر اس نمبر کے نیچے بٹا لگا کر دوسرا نمبر بھی لکھا گیا ہے۔ وہ اس نسخے کا کتب خانے کے رجسٹر میں شمارۂ اندراج / Accesion No ہے۔ نسخہ طلب کرنے کے لیے صرف اوپر والے نمبر کا حوالہ دینا کافی ہے۔ کسی کتاب کے ایک سے زائد نسخے ہونے کی صورت میں یہ طلب نمبر بجائے کتاب کے نام کے ابتدا میں دینے کے، حصہ نسخہ شناسی میں ہر نسخے کے تعارف سے پہلے دیا گیا ہے۔

فارسی مخطوطات کی اس فہرست کو دو حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حصّہ ایسے نسخوں کے تعارف پر مشتمل ہے جن میں ایک سے زائد کتابیں اور رسائل پائے جاتے ہیں۔ اسے فہرست نگاری کی اصطلاح میں ''فن مجامیع'' کہا گیا ہے۔ قلمی مجموعہ ہائے کتب و رسائل کی فہرست نویسی کا احسن طریقہ یہ ہے کہ مجموعے کو توڑا نہ جائے اور اسے یک جا فہرست کیا جائے۔ اس سے پورے مجموعے کی کیفیت ایک جگہ معلوم ہو جاتی ہے۔ البتہ کسی مشترک فہرست / Union Catalogue میں روش اس کے برعکس ہوگی یعنی مجموعے کو توڑ کر ہر نسخے کا حال علیحدہ رقم کیا جائے گا۔

ہمارے ہاں مخطوطات کی فہرست نگاری کے کئی اسالیب رائج ہیں۔ توضیحی فہرست، جیسے مشفق خواجہ کی **جائزہ مخطوطات اردو** (جلد اوّل) یا قاضی عبدالنبی کوکب کی **پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے نادر عربی مخطوطات** کی فہرست مفصّل؛ بنیادی معلومات کی حامل متوسط فہرست، جیسے ڈاکٹر سید عبداللہ کی دانشگاہ پنجاب میں فارسی، اردو اور عربی کی وضاحتی فہرست (بزبان انگریزی، محولہ بالا) یا دستی فہرست، جیسے ڈاکٹر محمد بشیر حسین کی **فہرست مخطوطات شیرانی**۔ میں نے فہرست مخطوطاتِ آزاد میں درمیانی راستہ انتخاب کیا ہے۔ یعنی جو کتابیں پہلے فہارس میں بارہا متعارف ہو چکی ہیں، ان کے بارے میں تفصیل دینے سے گریز کیا ہے اور جو کتابیں پہلی بار متعارف ہوئی ہیں یا نسبتۂ کم جانی جاتی ہیں، ان کے بنیادی کوائف درج کر دیے ہیں۔

ذخیرۂ آزاد کے بعض اہم مخطوطات

نسخوں کی اہمیت اور نُدرت کے تعیّن کے لیے اگرچہ کچھ ہمہ گیر اصول موجود ہیں، جیسے تاریخ کتابت کی قدامت، نسخہ کا بخط مؤلّف ہونا، اس پر شاہی مواہیر کا ثبت ہونا، موضوع کا اہم ہونا، اس کتاب کے نسخے کم

Marfat.com

یاب ہونا، وغیرہ۔ بعض اوقات یہ معاملہ ذوقی بھی ہوتا ہے۔ کسی شخص کو اپنے ذوق اور مطلب کی کوئی چیز کہیں سے مل گئی، وہی اس کے لیے اہم اور نادر ہے۔ جیسے ذخیرۂ آزاد کی ایک بیاض (Ape III 4) جو میرے لیے اس لیے اہم ہے کہ اس میں ''نوشہ'' تخلص والا کلام اور نوشاہی بزرگوں کی تواریخ وفات درج ہیں۔ لیکن تیرہویں صدی ہجری کی لکھی ہوئی یہ بیاض ممکن ہے کسی دوسرے شخص کے لیے اتنی اہم نہ ہو۔ پھر بھی مندرجہ ذیل نسخوں کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ یہ قابل توجہ ہیں:

اہم موضوعات پر کتب

-**جنّت الولایت اور مطلع الولایت** (Apf II 15)، ہندوستان میں مہدوی تحریک کے بانی اور مہدی موعود ہونے کے مدّعی سیّد محمد بن یوسف جونپوری (۸۴۷-۹۰۱ھ) کے حالات پر دو نادر رسالے ہیں۔

-**رسالہ در احوال ابوعلی سینا** (Aph I 1)، حکیم بوعلی سینا کے حالات پر بہت کم مستقل رسائل لکھے گئے ہیں۔ یہ انھی کم یاب تصانیف میں سے ایک ہے۔ اس میں بوعلی سینا کے فارسی کلام کا نمونہ بھی ہے۔

کسی معاشرے میں دینی، مذہبی اور مسلکی اقلیتیں جب مل جل کر رہتی ہیں تو ان کے اعتقادات اور نظریات میں اختلافات کا کسی نہ کسی صورت میں ظاہر ہونا فطری امر ہے۔ ان اختلافات کا اظہار اور مخالفین کو ''راہ راست'' پر لانے کے لیے مسلم معاشروں میں مناظروں اور ردّیہ نویسی کی روایت بہت مستحکم رہی ہے۔ ہمارے ادب کی تاریخ ردّیات سے بھری پڑی ہے۔ ذخیرۂ آزاد میں مخطوطات کی تعداد کم ہونے کے باوجود، ردّیات پر چند اچھے رسالے موجود ہیں۔ شاید مولانا آزاد کو اس موضوع سے دل چسپی تھی۔ حسب ذیل رسائل کی طرف اشارہ کافی ہے:

-**ترجمۂ حجۃ الہند** (Apc II 5)، ہندومت کے ردّ میں اس رسالے کی خصوصیت یہ ہے کہ ہندوستان کے دیہات میں مسلمان، ہندو معاشرت کی وجہ سے جن بدعات اور توہمات کا شکار ہو گئے تھے، ان کا تذکرہ بھی کر دیا گیا ہے۔

-**ردّ رسالۂ ارمنی از طرف نصاریٰ** (Apc III 37)، عیسائیوں کے دو فرقوں کے اختلافات پر مبنی ہے۔

-**ردّ المکاتیب** (Apc III 17)، ہندوستان میں شیعہ سنّی تنازعات کے تناظر میں ہے۔

جب ہندوستان میں عیسائی مشنریاں فعّال ہوئیں تو مسلمان علما اور مسیحی پادریوں کے درمیان کئی مناظرے ہوئے اور ایک دوسرے کے ردّ میں کتابیں لکھی گئیں۔ تیرہویں صدی ہجری میں پادری فنڈر اس سلسلے میں پیش پیش تھا۔ رسالہ **کشف الاستار عن وجوہ الاسرار** (Apc II 2)، ہمارے ہاں کے شیعہ علما کی

Marfat.com

طرف سے پادری فنڈر کے ردّ پر مبنی ہے۔

ایران میں صفوی حکومت اگرچہ خود ایک صوفی، صفی الدین اردبیلی سے منسوب ہے، لیکن وہاں تشیع کو مملکت کا رسمی مذہب قرار دینے کے بعد تصوّف گریز رجحانات دیکھنے کو ملتے ہیں اور کئی ایرانی شیعہ علما نے ردِ تصوف پر کتابیں لکھی ہیں۔ ایسے ہی چند رسالے ذخیرۂ آزاد میں موجود ہیں جو یقیناً آزاد ایران سے لائے ہوں گے۔ **اصول فصول التوضیح** (Apc III 26A)، **اعلام المحبین** (Apc III 19A) اور **سلوۃ الشیعۃ و قوۃ الشریعۃ** (Apc III 26) ردّ تصوّف پر ایرانی نقطۂ نظر کے حامل رسائل ہیں۔

خود تصوّف کی حمایت میں ذخیرۂ آزاد پر کئی اچھے مخطوطات موجود ہیں۔ آزاد اوران کا خاندان دہلی والے تھے۔ وہاں کے خواجہ محمد ناصر عندلیب (م ۱۱۷۲ھ) اور خواجہ میر درد (م ۱۱۹۹ھ) کے مشربِ تصوّف پر انھوں نے چند ایک اچھے رسائل اپنے ذخیرہ میں جمع کیے ہیں۔ خود میر درد کے رسائل **آہ سرد** (Apc IV 16 V.2) اور **نالۂ درد** (Apc IV 16) کے علاوہ ایک کتاب **چراغ ہدایت** (Aph III 68) بھی اسی خاندان تصوّف اور طریقۂ محمدیہ سے وابستہ ایک مرید کی تصنیف ہے جس میں اٹھارہویں صدی عیسوی میں دہلی کی معاشرتی اور تہذیبی زندگی کے بارے میں چشم دید باتیں لکھی گئی ہیں۔

لسانیات پر سراج الدین علی خان آرزو کی وقیع تصنیف **مثمر** (Api II 15) کا واحد قلمی نسخہ اسی ذخیرے کی زینت ہے۔

قواعد زبان پر شاہ محمد ہانسوی کی کتاب **مجمع الفاظ** (Api II 11) کا ذکر عام طور پر اس فن کی معروف کتابیات میں نہیں ملتا۔ یہ بھی نادر کا حکم رکھتی ہے۔

علم ہیئت پر ایک کتاب **بدایع الخیال فی اثبات قاعدۃ القوم من المحال** (Aph II 4) کا نسخہ، تیرہویں صدی ہجری کی ایک ایسی تصنیف ہے جب زمین کے سکون کا نظریہ عام تھا، لیکن ایک مسلمان سائنس دان نے زمین کی حرکت کے اثبات پر یہ رسالہ لکھا ہے۔

علم جفر سے وابستہ لاہور کے ایک خاندان کی تین پشتوں کی تصانیف بھی اس ذخیرے میں ہیں۔ جن کا ذکر اپنے مقام پر ہوا ہے۔

آزاد کو صوفیہ، شعرا، امرا کے تذکرے جمع کرنے کا خاص شغف رہا ہے۔ اس ذخیرے میں ان تینوں طبقات کے تذکرے موجود ہیں۔ شعرا کے جو تذکرے اس مجموعے میں موجود ہیں ان میں سے اب کوئی ایسا نہیں ہے جو شائع نہ ہو چکا ہو۔ لیکن سوائے **مجموعۂ نغز** (Apf I 18) کے نسخے کے، جو حافظ محمود شیرانی نے اپنی تدوین میں استعمال کیا تھا، دیگر تذکروں کی اشاعت میں آزاد کے کسی نسخہ کو استعمال نہیں کیا گیا۔

Marfat.com

ذخیرۂ آزاد کا حصّۂ تاریخ بھی تذکروں کی طرح بھرپور ہے۔ اگرچہ بیشتر کتابوں کے نسخے عام ملتے ہیں لیکن یہ سب امّہات کتب ہیں۔ پنجاب کی تاریخ کے حوالے سے **تاریخ بہاول خان** (Ape II 15)، **تاریخ پنجاب بوٹے شاہ** (Ape II 8)، **ظفرنامۂ رنجیت سنگھ** (Ape II 32) قابل ذکر ہیں۔

قدیم نسخے بہ لحاظ تاریخ کتابت

مجموعی طور پر ذخیرۂ آزاد میں قدیم تاریخ کتابت کے حامل نسخے بہت کم ہیں۔ زیادہ تر نسخے دسویں صدی ہجری کے بعد کے ہیں۔ صرف ایک نسخہ ایسا ہے جس کا ذکر ضرور ہونا چاہیے۔ **حدائق الانوار فی حقائق الاسرار/جامع العلوم/ستینی** (Aph I 2)، اگرچہ یہ نسخہ ناقص ہونے کے باعث تاریخ کتابت کا حامل نہیں ہے، لیکن رسم الخط سے صاف معلوم ہے کہ ساتویں یا آٹھویں صدی ہجری میں کتابت ہوا ہے۔ میرے خیال میں یہ ذخیرۂ آزاد کا قدیم ترین مخطوطہ ہے جو مولانا ایران یا وسطی ایشیا سے لائے ہوں گے۔

باتصاویر نسخے

- ترجمۂ عجائب المخلوقات وغرایب الموجودات (Aph III 19)
- معلومات الآفاق (Apg 2)
- احوال قواعد صاحبانِ انگریز (Aph III 40)

آزاد کے خاندان، بخط آزاد یا آزاد کی یادداشتوں والے نسخے

- ردّ المکاتیب (Apc III 17)، آزاد کے والد کو پیش کیا گیا۔
- چراغ ہدایت (Api I 10)، آزاد کے حواشی،
- فرہنگ رشیدی (Api I 7)، آزاد کی یادداشت،
- نوادر الالفاظ (Api I 11)، آزاد کے حواشی،
- تذکرۂ نشتر عشق جلد اول (Apf I 15 V.1)، ورق ۲۲۹ ب، آزاد کی یادداشت، جس میں انھوں نے اپنے سفر ایران (۱۳۰۳ھ) کا ذکر کیا ہے۔
- بیان واقع (Apf IV 6)، بخط آزاد

Marfat.com

ایران میں آزاد شناسی

مولانا محمد حسین آزاد، جو اپنی حیثیت میں بیک وقت فارسی اور اردو ادب کے ادیب اور محقق تھے، اب ہمارے ہاں آہستہ آہستہ فارسی حلقوں میں فراموش ہوتے جا رہے ہیں اور ان پر زیادہ توجہ اردو والوں کی ہے۔ وہی ان پر اپنا حق سمجھتے ہیں، وہی ان پر تحقیق کر رہے ہیں، وہی ان کی اردو تصانیف کو از سرِ نو ترتیب و تدوین کر رہے ہیں اور وہی ان کے بارے میں کتابیں اور مقالات لکھ رہے ہیں۔ آزاد کے اجداد ایرانی تھے اور خود فارسی شعر و ادب کے لیے ان کی جو خدمات ہیں، اس بناء پر انھیں ایران میں تیار ہونے والی انسائیکلو پیڈیاوں میں جگہ مل گئی ہے۔ فارسی اور ایران میں حالیہ برسوں میں مقالات کی صورت میں آزاد پر کچھ مواد شائع ہوا ہے۔ اس سلسلے میں جو مقالات میرے محدود علم میں ہیں، سال اشاعت کی ترتیب سے ان کی فہرست حسب ذیل ہے:

۱۹۷۶ء: ''آزاد، محمد حسین''، **دانش نامۂ ایران و اسلام**، تہران، ج ۱، ص ۸۱-۸۲، انسائیکلو پیڈیا آف اسلام ***Encyclopaedia of Islam*** (مطبوعہ لائیڈن) میں شیخ عنایت اللہ کے انگریزی مقالہ کا فارسی ترجمہ ہے۔

۱۹۸۹ء: ''آب حیات'' از سید علی آل داود، **دائرۃ المعارف بزرگ اسلامی**، تہران، ج ۱، ص ۳۸، فارسی میں۔

۱۹۸۹ء: ''آزاد، محمد حسین''، **دائرۃ المعارف بزرگ اسلامی**، تہران، ج ۱، ص ۳۱۶-۳۱۷، یہ مقالہ مرکز دائرۃ المعارف بزرگ اسلامی تہران کے شعبۂ ادبیات نے تیار کیا ہے۔ فارسی میں۔

۱۹۹۰: ''سیر ایران''، فارسی ترجمہ عارف نوشاہی، **آینده**، تہران، سال ۱۶، شمارۂ ۱-۴، ص ۸۸-۹۳؛ شمارۂ ۵-۸، ص ۴۷۰-۴۸۱، آزاد کے اردو مضمون ''سیر ایران'' کا ترجمہ ہے۔

۱۹۹۰: ''سید جمال در ہند''، فارسی ترجمہ عارف نوشاہی، **آینده**، تہران، سال ۱۶، شمارۂ ۹-۱۲، ص ۵۸۹، آزاد کی سید جمال الدین افغانی کے بارے میں ایک مختصر اردو تحریر کا ترجمہ ہے۔

مذکورہ بالا دونوں ترجمے ایران کے شہیر محقق ایرج افشار نے مجھ سے کروائے تھے۔

۱۹۹۱ء: ''آب حیات'' از سید علی آل داود، **دائرۃ المعارف الاسلامیۃ الکبریٰ**، تہران، ج ۱، ص ۱۰، عربی میں۔

۱۹۹۱ء: ''آزاد، محمد حسین'' از افسانہ منفرد، **دائرۃ المعارف الاسلامیۃ الکبریٰ**، تہران، ج ۱، ص ۲۲۳-۲۲۵، عربی میں۔

۱۹۹۱ء: آزاد، محمد حسین''، **دایرۃ المعارف تشیع**، تہران، ج ۱، ص ۵۱-۵۲، فارسی میں۔ مقالہ نویس کا نام نہیں ہے۔ گمان ہے کہ محمد حسین مشایخ فریدنی نے لکھا ہے۔

137494

Marfat.com

۱۹۹۶ء: ''آزاد، محمد حسین''، از برزگر، دانش نامۂ ادب فارسی: ادب در شبہ قارہ (ہند، پاکستان، بنگلادش)، بہ سرپرستی حسن انوشہ، تہران، ج۴، ص۱۵-۱۷

۲۰۰۵ء: ''آزاد، کتاب خانہ''، از عارف نوشاہی، دانش نامۂ زبان وادب فارسی در شبہ قارہ، زیر نظر فرہنگستان زبان وادب فارسی، تہران، ج۱، ص۴۱-۴۲

۲۰۰۵ء: ''آزاد، محمد حسین''، از محمد سلیم مظہر، دانش نامۂ زبان وادب فارسی در شبہ قارہ، زیر نظر فرہنگستان زبان وادب فارسی، تہران، ج۱، ص۴۲-۴۳

فارسی کے حوالے سے ''آزادیات'' صرف ایران تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ افغانستان اور تاجکستان کو بھی اس میں شامل کرنا چاہیے۔ آزاد کی کتاب سخن دان فارس کا فارسی ترجمہ ملک الشعرا عبداللہ خان نے کیا تھا جو انجمن ادبی، کابل (۱۳۱۵ھ) سے شایع ہوا تھا۔ ایرانی محقق احسان یار شاطر کی نگرانی میں نیویارک سے شائع ہونے والے انسائیکلوپیڈیا ایرانیکا ***Encyclopaedia Iranica*** میں بھی K. N. Pandita (کاشی ناتھ پنڈتا) کا لکھا ہوا آزاد پر مقالہ موجود ہے۔ ہماری دانش گاہوں کا یہ کام ہونا چاہیے کہ وہ اپنے مشاہیر پر ایسے کتابیاتی جائزے طالب علموں اور ریسرچ اسکالروں سے مرتب کروائیں اور دیکھیں کہ باہر کی دنیا میں ہمارے تہذیبی مفاخر کی کیا قدر و قیمت ہے۔

سپاس گزاری

میں نے ۲۰۰۲ء میں جب پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے مخطوطات کی فہرست نویسی کا وسیع کام شروع کیا تو اپنی معاونت کے لیے دوست مکرم پروفیسر ڈاکٹر معین نظامی صاحب (صدر شعبۂ فارسی و مسند ہجویری، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی) کو بھی بلا لیا۔ انھوں نے ذخیرۂ آزاد کے متعدد مخطوطات کے بنیادی کوائف قلم بند کر کے مجھے مہیا فرمائے، جن سے میں نے اس فہرست کی تیاری میں استفادہ کیا ہے۔ اس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔

پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے سابق چیف لائبریرین، جن کی اجازت سے میں یہ مخطوطات دیکھ سکا، اور شعبۂ مخطوطات کے انچارج حامد علی صاحب کا بھی شکر گزار ہوں، جنھوں نے ذخیرۂ آزاد کے تین نو دریافت مخطوطات کے کوائف اور ان کی تصاویر مہیا کیں۔

خدا بھلا کرے پروفیسر ڈاکٹر تحسین فراقی (صدر شعبۂ اردو، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی) کا جن کے ثقہ علمی ذوق اور اس نوعیت کے حوالہ جاتی اور بنیادی کاموں سے گہری دل چسپی کے باعث ذخیرۂ آزاد کے

Marfat.com

تمام مخطوطات کی یہ تفصیلی فہرست، آزاد کی صد سالہ برسی پر ان کے موطن -لاہور- سے شائع ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے میری تیار کردہ اس فہرست کو طباعت سے قبل، اوّل تا آخر اس باریک بینی اور دقّت نظر سے دیکھا کہ بعض لغزش ہائے قلم کی نشان دہی تو اپنی جگہ، اگر کسی لفظ پر فتحہ، کسرہ، ضمّہ، الف مقصورہ اور نقطہ نہیں تھا تو وہ بھی ان کی نگاہ سے اوجھل نہیں رہا اور انھوں نے اسے نشان زد کیا! اُن جیسی عقابی نظر کے لیے ناصر خسرو نے کہا تھا:

''می بینم اگر ذرّہ ای اندر تہہ دریاست''

محمد اکرام چغتائی نے ذخیرۂ آزاد کے عربی اور اردو مخطوطات کی جو فہرست تیار کی ہے، اسی جلد کے آخر میں شامل ہے۔ ان مخطوطات کے بارے میں ان کے تعارفی کلمات اپنے مقام پر آئیں گے۔ اِس حصے میں بھی چند ایک فارسی مخطوطات عربی مخطوطات کے ساتھ متعارف ہوئے ہیں۔

عارف نوشاہی

عیدالفطر ۱۴۳۰ھ / ۲۱ ستمبر ۲۰۰۹ء

اسلام آباد

اس مقدمہ کی تیاری میں حسب ذیل مآخذ سے مدد لی گئی ہے:

- آزاد، محمد حسین، **مکاتیب مولانا محمد حسین آزاد**، مرتبہ مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، لاہور، ۱۹۶۶ء، ص ۴۶۸-۴۹۱
- عارف نوشاہی، ''آزاد، کتاب خانہ''، **دانش نامۂ زبان و ادب فارسی در شبہ قارہ**، زیر نظر فرہنگستان زبان و ادب فارسی، تہران، ۲۰۰۵ء، ج ۱، ص ۴۱-۴۲
- محمد باقر، آغا، ''کتب خانۂ آزاد''، **الزبیر**، کتب خانہ نمبر، بہاول پور، ۱۹۶۷ء، شمارہ ۱۱، ص ۲۳۲-۲۴۰
- مختار الدین احمد، ''کتب خانۂ محمد حسین آزاد دہلوی''، **قومی زبان**، کراچی، جنوری ۱۹۹۷ء، شمارہ ۱

Marfat.com

فہرست فارسی مخطوطات

از

عارف نوشاہی

Marfat.com

Marfat.com

مجموعہ ہائے کتب ورسائل

مجموعہ: Ape II 3

۱۔ظفرنامہ

مؤلف: شرف الدین علی یزدی

دیکھیے: مشترک، ۱۰/۱۵۹

▣ ۱۰۸۴ھ، ترقیمہ: ''بہ تاریخ پانزدھم ماہ مبارک ماہ رمضان روز یکشنبہ ھشتم؟ ۱۰۸٤ در شھور دارالضرب... به عهد... سلطان سکندر عادل شاه... از ابتدا تا تسخیر آمل و ساری بر نسخه [= از نسخهٔ] شیخ باقر... [خالی جگہ] و از ساری و آمل تا به پایان بر نسخه [= از نسخهٔ] حکیم مظفر نبیرهٔ حکیم ابوالفتح گیلانی که این نسخهٔ مذکور هم در یزد ثبت شده اند، ثبت نمود''، نستعلیق، معمولی سرلوح، ورق ۳۹۵-۷؛ اس کے ساتھ ایک نامعلوم مصنف کا نامۂ صاحبقرانی بھی ہے جس کا آغاز اس طرح ہے: اللّٰھم کما افضیت نعمة الشروع متممّها، ورق ٦-۱

۲۔گلستان

مؤلف: سعدی شیرازی

▣ ۱۷ رجب ۱۱۸۲ھ، کاتب: جے کرن بن گھاسی رام، برائے محمد فاضل خان، یہ نسخہ حاشیے پر کتابت ہوا ہے، ورق ٦١ الف-۷ ب

۳۔رقایم کرایم

مؤلف: سیّد اشرف خان ملتفت ٹھٹھوی

اورنگ زیب عالم گیر کے شقہ جات (خطوط) ہیں۔ ایس ایم عزیز الدین حسین نے انگریزی ترجمہ کے ساتھ ۱۹۹۰ء میں دہلی سے شائع کر دیے ہیں۔

▣ ۱۱ شعبان ۱۱۸۲ھ، کاتب: جے کرن بن گھاسی رام، بمقام کلانور، یہ نسخہ حاشیے پر کتابت ہوا ہے،

Marfat.com

ورق۱۸۹الف-۶۱ب

۴۔شرف نامہ

مؤلف: نظامی گنجوی

▣ ناقص الآخر، یہ نسخہ حاشیے پر کتابت ہوا ہے، ورق ۱۰۸ب-۸۹ب، نیز دیکھیے: عبداللہ، 1/36

مجموعہ: Apf II 15

۱۔جنّت الولایت

مؤلف: نامعلوم

ہندوستان میں مہدوی تحریک کے بانی اور مہدی موعود ہونے کے مدّعی سیّد محمد بن یوسف جونپوری (۸۴۷-۹۰۱ھ) کے حالات پر ایک نادر رسالہ ہے۔

۵باب: ۱. در سفر قبل از دعوتِ مهدویت (ورق۷ ب)؛ ۲. در بیان حضرت میران همه یاران را جمع کرده فرمودند که هجده سال است که بدین امر مأمور هستیم (ورق۱۲ الف)، ۳. در بیان چون از موضع برنی انتقال شد، امر باری تعالیٰ رسید که سیّد محمد [به] طرف تهتهه روان شود (ورق۱۵ الف)؛ ۴. در بیان اخبار دادن به یاران از ماهیّت ایشان (۲۵ الف)؛ ۵. چند منقولات از حضرت مهدی، در ۸ باب (ورق۶۸ الف- ۳۹ ب)

آغاز: مدّالله تعالیٰ امره فی محبّة و رحمة الله من الصف و تامّل فی هذا الکتاب ثم آمن و صدق.

دیکھیے: نزہۃ الخواطر، ۴ / ۳۲۲: تذکرۂ علماے ہند (اردو ترجمہ)، ۴۴۴، محمد ایوب قادری نے سیّد محمد جونپوری کے حالات میں جن مآخذ کا اضافہ کیا ہے، وہاں اس رسالہ کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا گیا۔

▣ قیاساً تیرہویں صدی ہجری، ترقیمہ: ''تحریر فی التاریخ بیست و پنجم شهر ذی القعده سنه ۲۰، به دستخط اخوند غریب الله، ساکن سانبهر، برای خاطر داشت سیدن جیو صاحب ارقام یافت''، معمولی نستعلیق، شنگرفی عنوانات، ورق۶۹-۱

۲۔مطلع الولایت: مولود حضرت میران سیّد محمد مہدی جون پوری

مؤلف: میاں سیّد یوسف

تاریخ تألیف: ۱۰۱۶ھ

Marfat.com

مؤلف دیباچہ میں لکھتے ہیں:

"موجب تحریر این قصصِ دین در سنه سادس عشر و الف بود، چون مصطفی خان از اجماع این گروه که در قصبهٔ کوکاله مجمع بوده، حجّت مهدویت حضرت میران علیه السّلام طلبیده، ایشان هم بندگی میان سیّد اشرف و بندگی میان یوسف را... مخصوص داشتند. بنابر آن سیّد اشرف به منزلِ سیّد یوسف تشریف آورده گفتند که این را چه جواب دهم؟ میان فرموده که برهان نظام شاه، مردی جهان دیده و طرّار بود، وقتی که با ما ملاقات کرده، قصّهٔ حضرت میران از مولد و مبعث تا رحلت از ما پرسیده، استماع نموده و شیخ فیضی که علّامهٔ زمان و ماهر هر مذاهب و ادیان بوده، او هم ملاقات کرده، از ما همین التماس داشته. اینجا نیز اگر به خاطر عزیزان رسد همین ذکر فرا نمایند. پس میان اشرف بسیار پسند کرده فرموده که خدای تعالی شما را ذهن مدرکه و حافظه داده است و شما سامع بندگی میان سیّد محمود هستید بل که سماع بعضی صحابه و اکثر تابعین دارید، اتفاق مایان است هر نقلی که شما می کنید صحیح و درست است... پس آن حضرت به این فقیر اشارت فرموده و این ضعیف... املاء کرده به حضور آورد."

آغاز: الحمدللّه الرؤف الرحمان الانسان النبی الهدایة الرحمة والغفران.

دیکھیے: تذکرۂ علماے ہند (اردو ترجمہ)، ۴۴۴ کہ لکھتے ہیں مولوی محمد زمان شاہ جہان پوری (شہادت: ۱۲۹۲ھ) نے ہدیۂ مہدویہ تألیف کرتے وقت مطلع الولایت سے استفادہ کیا تھا۔

▣ ترقیمہ: "تمت تمام شد رسالهٔ مولود الحضرت میران سیّد المهدی الموعود... به تاریخ بیست و سیم رجب المرجب سنه احد، به دستخط اخوند غریب اللّه ساکن قصبهٔ سانبهر، به وقت عصر، به روز شنبه به اتمام رسید، برای خاطر داشت سیادت و نجابت پناه میان سیدن جیون صاحب ارقام یافت"، معمولی نستعلیق، عنوانات شنگرفی، ورق ۱۴۴-۷۰

مجموعہ: Apf II 16

منظوم نصابات کا ایک معمولی مجموعہ:

Marfat.com

۱۔نصابِ منظوم

▣ ورق ۵ب-۱۱الف

۲۔معاینہ ابوالبشر علیہ السّلام

بنوقریش کے حضرت آدم تک شجرہ ناموں پر مشتمل ہے۔

▣ ورق ۲۸-۷

۳۔فرہنگ لغاتِ قرآن مجید بہ فارسی

▣ ورق ۳۴-۲۹

۴۔نصاب الصبیان

مؤلف: ابونصر فراہی

▣ ورق ۵۲-۳۵

مجموعہ: Aph I 1

۱۔دانشنامۂ علائی

مؤلف: ابن سینا، ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا

▣ بلاتاریخ، نستعلیق خوش، ورق ۳۳۲الف-۱

۲۔رسالہ دراحوال ابوعلی سینا

مؤلف: پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں اس کے دو نسخے ہیں اور دونوں نسخوں میں مؤلف کا نام مذکور نہیں ہے، لیکن فہرست نسخہ ہای خطّی فارسی کتابخانۂ رضا، ج ۱، ص ۶۶۴ میں مؤلف کا نام پیر محمد بن شیخ جلال قنوجی (م ۱۰۸۰ھ یا ۱۰۸۵ھ) آیا ہے۔

تاریخ تألیف: اوائل ماہ ربیع الاوّل ۱۰۴۱ھ

مؤلف مقدمہ میں لکھتا ہے کہ بہت سے مؤرخوں نے ابن سینا کے حالات اپنی کتابوں میں اجمال سے لکھے ہیں، لیکن کسی نے تفصیل سے کچھ نہیں لکھا۔ ناچار اُس نے یہ کام انجام دیا ہے۔ مؤلف نے پہلے ابن سینا کے حالات لکھے ہیں اور رسالہ کے آخری حصّے میں ابن سینا کے فارسی کلام کا نمونہ اور ان کی تصانیف کی فہرست دی ہے۔

آغاز: جهـان جهان سپاس خدای خرد آفرین را و گوناگون درود پیغمبر گزین و فراوان سلام.

Marfat.com

یہ رسالہ پنجاب یونیورسٹی کے دو نسخوں کی بنیاد پر راقم السطور اور ڈاکٹر معین نظامی نے مرتّب کیا اور تین بار شائع ہوا: اورینٹل کالج میگزین، لاہور، جلد ۸۰، شمارۂ ۱-۲ (۲۰۰۵ء)، شمارۂ مسلسل ۲۹۵-۲۹۶، ص ۴۳-۵۸؛ آینۂ میراث، تہران، شمارۂ ۳۲ (۱۳۸۵ شمسی)، دورۂ جدید، سال چہارم، ص ۲۷۳-۲۸۷؛ مقالات عارف، دفتر دوم، تہران، ۲۰۰۷ء، ص ۲۹۸-۳۱۲

▣ بلا تاریخ، نستعلیق خوش، ورق ۳۵۳ب-۳۳۷ب

۳۔ رسالۂ حقیقت نزول قرآن

مؤلّف: ابن سینا، ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا

آغاز: سپاس خداوند زمین و آسمان و ستایش دهندهٔ دین و جان.

▣ صرف ایک ورق ۳۵۴، ناقص الآخر

مجموعہ: Aph II 3 / 127

۱۔ تحقیق الارواح

مؤلّف: فتح محمد لاہوری

مختلف مذاہب و مسالک میں انسانی روح کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے، مؤلّف نے حسب ذیل کتابوں سے انتخاب کر کے یک جا کر دیا ہے: معدن الاسرار، فواتح میبدی، ترجمۂ نزہۃ بہجۃ تصنیف حکیم شیخ داود، مفتاح الخزاین، حفظ مراتب از خوب محمد چشتی، اخلاق ناصری، مبداء و معاد از عزیز الدین نسفی، از کتاب ابونصر پیر محمد بن نصیب شاہ ادہمی بہاری مریدِ شیخ محمد ہروی ثم لاہوری ثم دہلوی۔

آغاز: الحمدللّٰه... اما بعد چون... کتاب قواعد حکمت عملیست و آن عبارت است از علم.

▣ نستعلیق؛ ورق ۶۶ الف-۱، نامکمل، کتاب اور مؤلّف کا نام خاتمہ میں آیا ہے۔

۲۲۔ نان و حلوا

مؤلّف: شیخ بہاالدین بہائی عاملی

▣ ورق ۷۵ الف-۶۶ ب

Marfat.com

مجموعہ: Aph III 25 / 143

۱۔دل پسند

مؤلف: پنڈت راج بمدھر [؟]۔نواب امیر الدولہ انتظام الملک حیدر بیگ خان بہادر نصرت جنگ نے مؤلف کو ''پنڈت راج'' کا خطاب دیا تھا اور نواب موصوف کے حکم پر ہی انھوں نے ۱۲۰۴ھ / ۱۸۴۷ بکرمی میں ہندی سے فارسی میں ترجمہ کیا۔

سعد ونحس، احکام نجوم اور اچھے برے شگون کے بارے میں پوتھی باہی سکتا و بسنت راج وغیرہ سے چند عجیب وغریب ''بچار'' کا انتخاب ہے۔

آغاز: حمد بیحد و ثنای بیعد مر صانعی را سزاست که خوانِ کنی؟ [کُن] پُر از نعمت های گوناگون آراستهٔ اوست.

▣ ۱۲۲۹ھ، ترقیمہ: ''قد تمّت هذا نسخه مسمی دل پسند تصنیف بنمدهر [؟] پنڈت به خط خام بالک رام، حسب الفرمایش لاله رام سهاے صاحب و گوبند پرشاد پسر لالهٔ موصوف، به تاریخ بست و نهم ربیع الاوّل ۱۲۲۹ هجری، در مقام بُجلی پور، عملهٔ پرگنهٔ بلرام پور''، ص ۱۶۷-۱

۲۔نظمِ ہندی، ۱۰ص

۳۔قواعد برآوردن برکھ پھل

آغاز: باید دانست که مقدار سال هایی که از عمر گذشته باشند، تا شروع سالی که بر او مطلوب است.

▣ ۶۳ص، بعض عبارتیں ناگری لپی میں ہیں۔

مجموعہ: Api II 6

سات رسالوں کا مجموعہ جو تُرکی زبان کے الفاظ ولغات سکھانے کے لیے فارسی اشعار میں لکھے گئے ہیں:

۱۔نورالابصار

مؤلف: رائے دھن سنگھ کاشی عرف رائے شتاب رائے، متوطن ملانوہ، سرکار لکھنو، بتعاون حیات علی دہلوی

Marfat.com

تاریخ تالیف:۶ جمادی الثانی ۱۱۹۵ھ

ترکی-فارسی نصاب ہے۔

آغاز:

برگزید از جنس حیوان نوع انسان را به نطق

بست نقش انتظام و نسق امکان را به نطق

دیکھیے :مشترک،۱۳/ ۲۵۳۳

▣ ۱۲۳۹ھ،ترقیمہ:''تمّت هذا الکتاب... در سنهٔ یک هزار و دو صد و سی و نه، در صوبهٔ پیشاور، از دست رحمت اللّه کشمیری تحریر یافت ''،نستعلیق ونسخ خوش، ورق۵۱ب-۳

مُہریں:ا۔''علاءالدین محمد مولوی سلطان علی قادری نقشبندی المعروف بہ قاضی خیل''

۲۔''عبدہ محمد علاءالدین؟؟۱۲ھ''(ظہریہ)

یادداشت:'' هفت نسخه که حاوی است برای شناختن و دانستن زبان تُرکی، گذرانیده خواجه صاحب خواجه محمد شاه نقشبندی، در لاهور، به تاریخ محرم ۱۲۵۶ هجری، در انار کلی''(درابتدائے مجموعہ)

۲۔نصاب ترکی

مؤلف: رائے لعل جےمل، برادرزادۂ راجہ امیر سنگھ عظیم اللہ خانی، دیوانِ لاہور۔

ترکی-فارسی نصاب ہے۔

آغاز:

تینگری دیبدور ولار خدایی پاکنی

هم یلاووچ صاحب لولاکنی

▣ ۱۲۳۹ھ،ترقیمہ:''این نصاب ترکی تصنیف رائے لعل جے برادر زادهٔ راجه امیر سنگه عظیم اللّه خانی قوم کایسته... در صوبهٔ پیشاور، از دست رحمت اللّه کشمیری، به تاریخ نهم شهر شعبان ۱۲۳۹ هجری کسوت ارقام پوشید''، نستعلیق،ورق ۶۷ ب-۵۳ الف

مُہر:''علاءالدین محمد مولوی سلطان علی قادری نقشبندی المعروف بہ قاضی خیل''

Marfat.com

۳۔نصاب ترکی وفارسی

مؤلف: فضولی رومی، یہ نام ترقیمہ میں آیا ہے، شاید فضولی بغدادی (وفات: ۹۶۳ھ) مراد ہے جو ترکی اور فارسی زبانوں کے معروف شاعر گذرے ہیں۔

آغاز:

القطعة الاوّل فی البحر الرمل:

پُرس در بحرِ رمل معنیِ ترکی را زمن

▣ ۱۲۳۹ھ، ترقیمہ: ''تمام شد نصاب ترکی مولانا فضولی رومی، ۲۵ شوال ۱۲۳۹ھ، در دار السلطنة کابل''، رحمت اللہ کشمیری، نستعلیق، ورق ۸۰الف-۶۹ب

۴۔نصاب ترکی

مؤلف: امیر خسرو

۴۷ قطعات ہیں جن میں مجموعی طور پر ۱۹۹ ابیت آئے ہیں۔

آغاز قطعۂ اوّل:

اوغان ایزی و تینگری بہ ترکی نام ایزد دان

وگر یا لواچ و تینگری ایلچسی گوئی پیغمبر خوان

▣ ۱۲۳۹ھ، رحمت اللہ کشمیری، کابل، نستعلیق خوش، ورق ۹۱-۸۱ب

مہر: ''علاء الدین محمد مولوی سلطان علی قادری نقشبندی المعروف بہ قاضی خیل''

۵۔نصاب ترکی

مؤلف: میرزا عاشور بیگ محمد شاہی، حاکم کوہستان کشمیر (م ۱۱۷۱ھ)

آٹھ قصیدوں پر مشتمل ہے۔

آغاز:

ای طالبِ کیف و کمِ امکان و محال

تاچند اسیرِ وہم و پابند خیال

▣ ۱۲۳۹ھ، رحمت اللہ کشمیری، کابل، نستعلیق، ورق ۱۰۵الف-۹۲ب

مہر: ''علاء الدین محمد مولوی سلطان علی قادری نقشبندی المعروف بہ قاضی خیل''

Marfat.com

۶۔نصاب ترکی

مؤلف: شیخ عبدالمومن معروف بہ ملّا دو پیازہ (م۱۰۳۰ھ)

باب اوّل در ۱۱ فصل، باب دوم در بیان صیغۂ امر حاضر، باب سوم در بیانِ اسماء و افعال مختلفہ و ہوالخاتمہ۔

آغاز:

فـــاعـــلات فـــاعـــلات فـــاعـــلات فـــاعـــلات

تینـگـری و ایـز و اذعـان اسـمـا حـق ایضا بیات| کذا:بدان|

دیکھیے: روز روشن، ۲۶۳ جہاں ملّا دو پیازہ کی ترکی زبان میں مہارت اور اس کی تصنیف کردہ ترکی لُغت **اتراک عالمگیری** کا ذکر ہوا ہے۔

▣ ۶ ذیحجہ ۱۲۳۹ھ، رحمت اللہ کشمیری، نستعلیق خوش، ورق ۱۳۰ب-۱۰۶ب

۷۔نصاب ترکی

مؤلف: ملّا محمد یعقوب بلخی

مشتمل بر ۳۲ قطعہ و ۲ فرد

آغاز:

ایـزی و اوغـانسـت تینگری خدای

ایـرو ریـول کـورستگوچی رهنمای

▣ (۱۲۳۹ھ، رحمت اللہ کشمیری)، ناقص الآخر، تا قطعۂ ۱۷، ۱۳۸ب-۱۳۱الف

اعتذار: مذکورہ بالا نصابات کے تعارف کے ضمن جہاں جہاں ترکی اشعار بطور نمونہ درج ہوئے ہیں وہ ہمارے ترکی نہ جاننے کے باعث دقیق نہیں ہیں اور محض نقل ہے۔اس نقل کو ہمارے دوست ڈاکٹر نجدت طوسون (استنبول) نے دیکھ کر از روے قیاس صحیح کیا ہے اور یہاں اس تصحیح کے مطابق درج کر دیا گیا ہے۔

مجموعہ: $\frac{\text{Api X 19C}}{309}$

۱۔دستور الصبیان

مؤلف: نوندہ رائے

فارسی انشاء پر معروف کتاب ہے۔

دیکھیے: مشترک، ۵ / ۳۱۳

Marfat.com

▣ ۱۲۴۹ھ، ترقیمہ: ''تحریر بتاریخ دھم ماہ رمضان المبارک ۱۲۴۹ھ، مطابق ۲۲ جلوس محمد اکبر شاہ پادشاہ غازی''، نستعلیق، ورق ۲۹الف-اب

۲۔ قواعد سلطنت شاہ جہان

مؤلف: نامعلوم

انشا کی ایک کتاب جس میں شاہجہان بادشاہ (۱۰۶۸- ۱۰۳۷ھ) کے دربار کے آداب اور امور سلطنت چلانے کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔ مثلاً بادشاہ کا درشن جھروکہ سے خاص و عام جھروکہ میں آنا، غسل خانہ، عدالت کے اوقات، علما سے ملاقات کے بعد حریم خاص میں مجلس سجانا، شاہی شکار وغیرہ؛ بعض عنوانات یہ ہیں: در بیان تشریف آوردن پادشاہ جہان پناہ در جھروکۂ درسن، تشریف فرمودن پادشاہ جمجاہ از جھروکۂ درسن بہ جھروکۂ خاص و عام، بیان رونق افزاشدن پادشاہ ملک فصل [؟] در غسل خانۂ فردوس مثال، بیان اوقاتِ عدالت و حالات عدل پادشاہ عدالت پناہ، بیان آرایش مجلس عشرت قرین در حریم معلی بعد از فراغ مجلس علما... بیان احوال صید و شکار خاصہ (آخری عنوان)۔

آغاز: بیان علم و دانش و حسن نیت و فیض نعمت پادشاہ در ہنگام انکشاف صبح.

▣ ۱۲۴۹ھ، نستعلیق، ورق ۶۱الف-۱۳۰الف ۴

۳۔ قواعد نوشیروانی و اکبر شاہی: قواعد السلطنت اکبری

مؤلف: مؤلف کا نام موجود تھا لیکن ترقیمہ میں مٹا دیا گیا ہے۔

آداب سلطنت و حکومت پر رسالہ ہے۔ مؤلف دیباچہ میں لکھتا ہے:

''بدان کہ این مختصری است لُبّ لباب از قواعد نوشیروانی و اکبر شاہی وغیرہ کہ از توفیق الٰہی بہ چندین جد و جہد بہ عبارات صاف و ضبط مہمات و حفظ مراعات بہ موجب فرمایش آن مملکت پیرای بزم افروز ارجمندی... (با حذف القاب) دریای بی انتہا را بر امواج مسطورین قرطاس آوردم.''

اپنے ممدوح کا نام اس شعر میں لکھا ہے:

بفخریم از لطف ربّ زمین
کہ شہ دادگر دادۂ فخر الدین [؟]

Marfat.com

اور بتایا ہے کہ ''از لفظ سرّ یت نام مبارک می آید''۔ شاید یہ اشارہ محمد اکبر شاہ ثانی (۱۲۵۳-۱۲۲۱ھ) کی طرف ہے۔

خاتمۂ کتاب میں مؤلّف کہتا ہے:

''این همه قانون برای امیران و صاحب مقدوران ضرور است که به عمل آرند، خصوصاً پادشاهان را لازم و متحقّق است که قواعد سلطنت بدین عبارت متعلق و متضمن است، نه برای جاهلان که هر چند آنها صاحب حشم و نعم از تأیید معبود حقیقی می شوند مگر بوی آدمیت را هیچ ندانند.''

آغاز: الحمدللّٰه که جمیع عالم را از یک ندای فیض ردای ''کُن فیکون'' در.

▣ ۱۲۵۰ھ، ترقیمہ: ''تمّت تمام شد نسخهٔ ملحض قواعد السلطنت اکبری وغیره من تصنیف فقیر حقیر... (نام مٹا ہوا) بتاریخ دوازدهم شوال ۱۲۵۰ هجری مطابق ۳۰ جلوس معلّیٰ''، نستعلیق، ورق ۱۷ب-۶۰ب

چار کونوں والی مُہر: ''میرزا محمد سلطان فتح الملک شاه بهادر ابن محمد بهادر شاه بادشاه غازی ۱۲۵۶''

(ظہریہ)

یادداشت: ''مالک این کتاب فخرالدین''

مجموعہ: $\frac{\text{Api X 27A}}{311}$

۱۔ کارنامہ

مؤلّف: شاہ محمد گھرتلی

انشا پر معروف کتاب ہے۔

آغاز: بندهٔ خاکپای سگان جناب قادری شاه محمد گهرتلی.

دیکھیے: مشترک، ۵/ ۳۵۷

▣ (تقریباً ۱۲۵۳ھ)، ترقیمہ: ''تمام شد انشای کارنامه من تصنیف شاه محمد گهرتلی به اتمام رسید، به روز شنبه، به تاریخ بیستم ماه بهادون ۱۸۹۴'' [بکرمی]، شکستہ مایل، ورق ۱۱۴الف-۱ب

Marfat.com

۲۔مرصّع کار

مؤلف: قاسم علی کلانوری

انشا پر کتاب ہے۔

دیکھیے: مشترک، ۵/ ۴۰۱

▣ (تقریباً ۱۲۵۳ھ)، ترقیمہ: ''تمام شد نسخۂ مرصّع کار، به وقت یک پاس روز باقی مانده، به تاریخ بیست و سیوم ماه بهادون ۱۸۹٤ به اختتام رسید۔'' شکتہ مایل، ورق ۳۲ب-۱۵ب

Marfat.com

بیاضیں

Ape III 4
81

بیاض

اس بیاض میں زیادہ تر یادداشتیں ہندوستان میں تیموری بادشاہوں کے بارے میں ہیں۔ بیاض کے شروع میں اس کائنات کی عمر کا ابتدائے تخلیق سے ۱۷۶۴ بکر ماجیت تک کا اشارہ موجود ہے جس سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ یہ بیاض ۱۷۶۴ بکرمی کے لگ بھگ یا اس کے بعد لکھی گئی ہوگی۔ یہ بیاض لاہور کے ''فقیر خاندان'' سے متعلق رہی ہے اور اس میں ایسے ہندی / پنجابی اشعار بھی لکھے ہوئے ہیں جن میں تخلص ''نوشاہ'' استعمال ہوا ہے، مثلاً:

پاک محمد آکھیا ہکو من اللہ
سچ سچے دا من لے، کہے فقیر نوشاہ

اس بیاض میں مختلف تاریخیں بھی ہیں، جیسے تاریخ وفات نوشہ صاحب [حضرت حاجی محمد نوشہ گنج بخش] ۱۰۶۴ھ، تاریخ بیعت حافظ صاحب ۱۱۱۱ھ، ولادت قبلہ گاہی ۱۱۴۱ھ، تاریخ بیعت بہ حافظ جیو شیخ اسحاق ۱۰۸۰ھ، وفات؟ ۱۱۹۲ھ (ورق ۲۷۴ ب)

ذخیرۂ شیرانی کی ایک ایسی ہی قلمی بیاض (نمبر ۶۲۲۳) ہے، جس میں ''نوشاہ'' تخلص والا اردو اور پنجابی کلام ہے، سید شریف احمد شرافت نوشاہی (۱۹۰۷-۱۹۸۳ء) نے حضرت نوشاہ گنج بخش کا کلام نکال کر انتخاب گنج شریف اور گنج شریف (پنجابی) کے نام سے شائع کیا ہے، جس پر خورشید احمد خان کو اعتراض ہوا کہ یہ فقیہ غلام محی الدین بخاری ملقب بہ نوشاہ ثانی کا کلام ہے۔ بہر حال ذخیرۂ آزاد کی یہ بیاض بھی اس سلسلے میں قابل توجہ ہے اور دیکھنا چاہیے کہ آیا اس میں ذخیرۂ شیرانی کی بیاض سے مختلف کلام درج ہوا ہے یا وہی کلام ہے؟

دیکھیے: عبداللہ، 1/58، یہ نسخہ ''دستور العمل'' کے نام سے متعارف ہوا ہے۔

▣ نستعلیق، ۲۷۶ ورق

Marfat.com
